سوال

(116)جب حاملہ عورت بچہ جنم دے اور خون جاری نہ ہو تو اس کے خاوند کا اس سے مجامعت کرنے اور عورت کے نماز و روزہ کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

جب حاملہ بچہ پیدا کر دے اور اس سے خون جاری نہ ہو تو کیا اس کے خاوند کے لیے اس سے مجامعت کرنا حلال ہے؟ اور کیا وہ عورت نماز ادا کرے گی اور روزہ رکھے گی یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

جب حاملہ بچہ دے دے اور اس سے خون جاری نہ ہو تو اس پر غسل کر کے نماز ادا کرنا اور روزہ رکھنا واجب ہے اور اس کا خاوند اس کے غسل کر لینے کے بعد اس سے مجامعت کر سکتا ہے کیونکہ ولادت میں بچے کے ساتھ یا اس کے بعد غالباً خون نکلتا ہے اگرچہ وہ تھوڑی مقدار میں ہی کیوں نہ ہو۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 144

محدث فتویٰ